سبق – 10

جگنو اور بچہ

سناؤں تمھیں بات اک رات کی
کہ وہ رات اندھیری تھی برسات کی
چمکنے سے جگنوؤ کے تھا اِک سماں
ہَوا پر اُڑیں جیسے چنگاریاں
پڑی ایک بچّے کی اُن پر نظر
پکڑ ہی لیا ایک کو دَوڑ کر
چمک دار کیڑا جو بھایا اُسے
تو ٹوپی میں جھَٹ پَٹ چھُپایا اُسے
وہ جھَم جھَم چمکتا اِدھر سے اُدھر
پھِرا، کوئی رستہ نہ پایا مگر
تو غم گین قیدی نے کی التجا
کہ چھوٹے شکاری! مجھے کر رِہا

جگنو

خدا کے لیے چھوڑ دے چھوڑ دے
مری قید کے جال کو توڑ دے

© NCERT not to be republished

بچہ

کروں گا نہ آزاد اُس وقت تک   کہ میں دیکھ لوں دن میں تیری چمک

جگنو

چمک میری دن میں نہ دیکھو گے تم   اُجالے میں ہوجائے گی وہ تو گُم

بچہ

ارے چھوٹے کیڑے نہ دے دَم مجھے   کہ ہے واقفیت ابھی کم مجھے
اجالے میں دن کے کُھلے گا یہ حال   کہ اتنے سے کیڑے میں کیا ہے کمال
دھواں ہے نہ شعلہ نہ گرمی نہ آنچ   چمکنے کی تیرے کروں گا میں جانچ

جگنو

یہ قدرت کی کاری گری ہے جناب   کہ ذرّے کو چمکائے جوں آفتاب
مجھے دی ہے اِس واسطے یہ چمک   کہ تم دیکھ کر مجھ کو جاؤ ٹھِٹک

نہ الّھڑ پنے سے کرو پائمال
سنبھل کر چلو آدمی کی سی چال

(محمد اسمٰعیل میرٹھی)

© NCERT not to be republished

مشق

1۔ پڑھیے اور سمجھیے:

جگنو	:	رات میں چمکنے والا ایک کیڑا
سماں	:	منظر، نظارہ
غم گین	:	غم میں ڈوبا ہوا، اُداس
التجا	:	درخواست، گزارش
دَم دینا (محاورہ)	:	دھوکا دینا
واقفیت	:	جانکاری
قدرت	:	طاقت، اللہ کی شان
کاری گری	:	ہنرمندی
جوُں	:	جس طرح، مانند، جیسے
آفتاب	:	سورج
الّھڑ پن	:	نادانی، شوخی
پائمال کرنا	:	پاؤں سے کچلنا، برباد کرنا

2۔ سوچیے اور بتائیے:

1۔ بچے نے جگنو کو کیوں قید کیا؟

2۔ جگنو نے بچّے سے کیا التجا کی؟

3۔ بچہ، جگنو، کو آزاد کیوں نہیں کرنا چاہتا؟

© NCERT not to be republished

4۔ آخر میں جگنو نے بچّے کو کیا جواب دیا؟

5۔ آدمی کی سی چال چلنے کا کیا مطلب ہے؟

3۔ نظم کے مطابق مصرعوں کو مکمّل کیجیے:

1۔ سناؤں تمھیں بات ....

2۔ .... جیسے چنگاریاں

3۔ چمک دار کیڑے ....

4۔ .... نہ پایا مگر

5۔ کہ چھوٹے شکاری! ....

4۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

نظر التجا قیدی آفتاب شعلہ

5۔ کس نے کس سے کہا، لکھیے؟

1۔ مری قید کے جال کو توڑ دے ....

2۔ کہ میں دیکھ لوں دن میں تیری چمک ....

3۔ اجالے میں ہو جائے گی وہ تو گُم ....

4۔ کہ ہے واقفیت ابھی کم مجھے ....

5۔ سنبھل کر چلو آدمی کی سی چال ....

6۔ غور کرنے کی بات:

اس نظم میں ''اندھیری رات''، ''چمک دار کیڑا''، ''غم گین قیدی''، ''چھوٹے شکاری''، ''اتنے سے کیڑے''

© NCERT not to be republished

وغیرہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ ان میں پہلا لفظ دوسرے لفظ کی اچھائی یا برائی ظاہر کر رہا ہے۔ ایسے لفظوں کو 'صفت' کہتے ہیں اور جن لفظوں کی اچھائی یا برائی ظاہر کی گئی ہے وہ 'اسم' ہیں۔

7۔ عملی کام:

☆ یہ نظم مکالمے کی شکل میں ہے۔ یعنی جگنو اور بچّے کے درمیان گفتگو ہو رہی ہے۔ اس گفتگو کو اپنی زبان میں لکھیے۔

☆ شروع کے چھے اشعار میں جو منظر بیان کیا گیا ہے اسے اپنی کاپی میں لکھیے۔

© NCERT not to be republished